M-65

This question paper consists of 7 pages including cover page

# Entrance Examination – 2016

# Ph.D. Urdu

Time 2 Hours

Maximum Marks : 75

**INSTRUCTIONS:**

1. **Write your Hall Ticket No. in the appropriate space provided in the OMR Sheet and Answer Book.**
2. **Candidates are prohibited from writing their names or any distictive mark, religious or any type leading to disclosure of their identity in any part of the OMR Sheet and Answer Book.**
3. **There will be negative marking of 0.33 mark for every wrong answer in Part A.**
4. **The Answers for Part A should be marked in the OMR Sheet only as instructed. Nothing should be written on the question paper.**
5. **The Answers for Part B should be written in the Answer Book provided.**
6. **Handover both the OMR sheet and Answer Book of Part B to the invigilator at the end of the examination.**

ہدایات:

1۔ OMR Sheet اور جوابی بیاض میں دیے گئے خانوں میں اپنا ہال ٹکٹ نمبر درج کریں۔

2۔ کہیں اپنا نام یا کوئی امتیازی نشان، مذہبی یا کسی نوعیت کا شناختی نشان درج کرنا سخت منع ہے۔

3۔ حصہ 'الف میں 50 معروضی (Objective) سوالات ہیں۔ ہر سوال کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔ ہر غلط جواب کی صورت میں 0.33 نمبر منہا کیا جائے گا۔

4۔ حصہ 'الف کے جوابات دیے گئے OMR Sheet ہی میں درج کریں۔ سوالات کے پرچے یا جوابی بیاض میں نہ لکھیں۔

5۔ حصہ ' ب کے جوابات جوابی بیاض میں لکھیں۔

6۔ OMR Sheet اور حصہ ' ب کی جوابی بیاض دونوں ختم امتحان پر نگران کار کے حوالے کردیں۔

---

M-65

## Part A حصہ الف

نوٹ: صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے۔ 50 x 1 = 50

1۔ نسخے یا مخطوطات کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟

(A) چار (B) تین (C) دو (D) پانچ

2۔ کس دبستانِ تنقید میں ادب اور زندگی کے رشتے پر زور دیا جاتا ہے؟

(A) نفسیاتی تنقید (B) تاثراتی تنقید (C) جمالیاتی تنقید (D) مارکسی تنقید

3۔ نرگسیت کا تصوّر کس دبستانِ تنقید سے تعلق رکھتا ہے؟

(A) مارکسی تنقید (B) ہیئتی تنقید (C) تاثراتی تنقید (D) نفسیاتی تنقید

4۔ یہ کس کی رائے ہے کہ ریسرچ اور انوسندھان کے مقابلے میں تحقیق زیادہ مناسب لفظ ہے؟

(A) عبدالرّزاق قریشی (B) گیان چند جین (C) تنویر احمد علوی (D) گوپی چند نارنگ

5۔ تجریدی افسانہ کیا ہے؟

(A) حقیقت سے زیادہ رومان پر زور دیتا ہے (B) جمالیاتی تجربات کو پیش کرتا ہے

(C) تخیل آفرینی ہی کو اظہار کی بنیاد سمجھتا ہے (D) کہانی سے بے نیاز ہوتا ہے۔

6۔ استخراجی طریقِ تحقیق کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

Indective(A) Deductive(B) Predective(C)

Productive(D)

7۔ عربی قواعد کے مطابق لفظ 'تحقیق' کس باب سے مصدر ہے؟

(A) باب استفعال (B) باب تفعیل (C) باب فاعل (D) باب مفعول

8۔ ثانوی ماخذ کسے کہتے ہیں؟

(A) ایسی کتابیں جو تحقیق کے آخرِ وقت ملیں (B) کسی مصنف یا شاعر یا اُس کے فن پر لکھی ہوئی کتابیں

(C) شاعر کے اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی کتابیں (D) ان میں سے کوئی نہیں

9۔ وضاحتی فہرستوں کا تعلق کس نوعیت کی تحقیق سے ہے؟

(A) بین علومی (B) حوالہ جاتی (C) تنقیدی تحقیق (D) سوانحی یا تاریخی تحقیق

10۔ کس محقق نے تحقیق کا یہ سنہرا اُصول قائم کیا تھا؟

''پہلے یہ پتا لگاؤ کہ اس موضوع پر دوسروں نے کیا کام کیا ہے

اور پھر وہاں سے شروع کرو جہاں دوسروں نے ختم کیا ہے''

(A) طامس ایڈیسن (B) میتھیو آرنلڈ (C) جارج وھیلے (D) رچرڈ ایلٹک

11۔ غزل کی امتیازی خصوصیت کیا ہے؟

(A) وضاحت وصراحت (B) بلند آہنگی (C) محاکات نگاری (D) رمزوایما

12۔ اردو میں جدید نظم نگاری کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

(A) لاہور (B) کراچی (C) حیدرآباد (D) لکھنو

13۔ اردو میں نفسیاتی تنقید کے بنیاد گزاروں میں کس کا شمار ہوتا ہے؟

(A) گوپی چند نارنگ (B) شمس الرحمٰن فاروقی (C) احتشام حسین (D) میراجی

14۔ یہ شعر کس کا ہے ۔

حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر

ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

(A) مومن (B) غالب (C) شیفتہ (D) ذوق

15۔ اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے ۔

رویا غمِ حسین میں یاروں میں اس قدر

چوتھے فلک پہ آئے ہے پانی کمر کمر

(A) مراعات النظیر (B) تضاد (C) غلو (D) تلمیح

16۔ کس صنعت میں اصل سبب کے بجائے شاعرانہ علّت بیان کی جاتی ہے؟

(A) تلمیح (B) اشتقاق (C) مبالغہ (D) حسنِ تعلیل

17۔ داغ دہلوی کا مزار کس شہر میں واقع ہے؟

(A) دہلی (B) لکھنو (C) حیدرآباد (D) آگرہ

18۔ درجِ ذیل شعر میں بُت کدہ کس طرح کا استعارہ ہے ۔

اب تو جاتے ہیں بُت کدے سے میؔر

پھر ملیں گے اگر خدا لایا

(A)استعارہ وفاقیہ (B)استعارہ بالتصریح (C)استعارہ بالکنایہ (D)استعارہ عنادیہ

19۔حکومت کی طرف سے قتل کیا جانے والا اردو کا پہلا شاعر کون ہے؟

(A)مولوی محمد باقر (B)مظہر جانِ جاناں (C)جعفر زٹلی (D)سودا

20۔ڈراما 'خانہ جنگی' کا خالق کون ہے؟

(A)پروفیسر محمد مجیب (B)پروفیسر محمد حسن (C)آغا حشر کاشمیری (D)امتیاز علی تاج

21۔شیدا رومانی کے اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے ۔

تری زرد آنکھوں سے ڈر جھانکتا ہے
تجھے آج کل جانے کیا ہو گیا ہے

(A) صنعتِ اشتقاق (B)صنعتِ تضاد (C)صنعتِ واسع الشفتین (D)صنعتِ تعجب

22۔اس شعر میں علمِ بیان کا کونسا جزو استعمال ہوا ہے ۔

گر کہے کو ئی یا علی حید ر
بھاگیں کانوں میں اُنگلیاں رکھ کر

(A) استعارہ (B)تشبیہ (C)مجازِ مرسل (D)کنایہ

23۔اردو کے کس شاعر نے ۵۳ سال کی عمر میں کوٹھے سے گر کر وفات پائی؟

(A) مومن (B)فانی (C)یگانہ چنگیزی (D)ان میں سے کوئی نہیں

24۔'خوش نامہ' کس کی تصنیف ہے؟

(A) میرا جی شمس العشاق (B)وجہی (C)شاہ اشرف بیابانی (D)غواصی

25۔اِن میں سے کس نے دکنی اردو پر پہلی کتاب لکھی؟

(A) مولوی عبدالحق (B)ڈاکٹر محی الدین قادری زور
(C)نصیر الدین ہاشمی (D)مسعود حسین خاں

26۔ناصر کاظمی کے اس شعر میں پیکر تراشی کی کونسی قسم استعمال ہوئی ہے ۔

چاند نکلا اُفق کے غاروں سے
آگ سی لگ گئی درختوں میں

(A) بصری پیکر (B)سمعی پیکر (C)مذوقی پیکر (D)شمومی پیکر

27۔پریم چند کو اُن کا قلمی نام 'پریم چند' کس نے دیا؟

(A) درگا سہائے (B)عجائب لال (C)فراق گورکھپوری (D)دیا نرائن نگم

28۔عشرتی کی مثنوی کونسی ہے؟

(A)چت لگن (B)من لگن (C)احکام الصلوٰۃ (D)خوب ترنگ

29۔کس ماہرِ نفسیات نے احساسِ کم تری کا نظریہ پیش کیا تھا؟

(A)سگمنڈ فرائڈ (B)یونگ (C)اڈلر (D)ارنسٹ جونس

30۔ان میں سے کس نے زبان کے بارے میں سب سے پہلے انقلابی نظریہ دیا؟

(A)سوسیئر (B)نوم چومسکی (C)ژاک دریدا (D) رولاں بارتھ

31۔ کس مفکر نے اپنی ریاست میں شاعروں کو جگہ نہیں دی؟

(A)افلاطون(B)ارسطو (C)ہومر(D)اگاتھن

32۔ان میں سے تخلیقی نقاد کون ہے؟

(A)احتشام حسین (B)فراق گورکھ پوری (C)محمد حسن (D)عبدالعلیم

33۔لائبریری سے کون سی کتابیں باہر نہیں لے جاسکتے؟

(A) کلاسیکی کتابیں (B)مہنگی کتابیں (C)رسائل (D) حوالے کی کتابیں

34۔'اکتشافی تنقید کی شعریات' کس کی تصنیف ہے؟

(A) حامدی کاشمیری (B)ظہورالدین (C)دیپک بدکی (D)زماں آزردہ

35۔سفرِ حج پر مبنی 'لبیک' کس کا مذہبی رپورتاژ ہے؟

(A) ابراھیم جلیس (B)ممتاز مفتی (C)مولانا شبلی (D)راشد الخیری

36۔'عورت زندگی کا زنداں' از زاہدہ حنا کیا ہے؟

(A) افسانوی مجموعہ (B)ناول (C)ڈراما (D)مضامین کا مجموعہ

37۔کس ناول کا ہیرو روس اور ترکی کی جنگ میں شرکت کے لیے جاتا ہے؟

(A) فسانۂ آزاد( B)سیر کہسار (C)جامِ سرشار (D)خدائی فوج دار

38۔قرۃ العین حیدر اور انتظار حسین کے ناولوں میں کون سا بنیادی عنصر مشترک ہے؟

(A) جاگیرداری نظام کی نوحہ گری (B)فرقہ پرستی کی مخالفت (C)ہجرت کا کرب

(D)طبقاتی کش مکش

39۔صحیح سلسلے کی نشان دہی کیجیے۔

(A) افشائے راز، اختری بیگم، ذاتِ شریف، شریف زادہ، امراؤ جان ادا

(B)مراۃ العروس، بنات النعش، توبتہ النصوح، ایامی، مجالس النساء

(C) فسانۂ آزاد، جام سرشار، حاجی بغلول، کامنی، پی کہاں

(D) ملک العزیز ورجنا، یوسف زلیخا، فردوسِ بریں، زوالِ بغداد، رومۃ الکبریٰ

40۔ محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کا سنگِ بنیاد کس نے رکھا؟

(A) لارڈ میکالے (B) لارڈ لٹن (C) لارڈ ولزلی (D) لارڈ کرزن

41۔ پریم چند نے سرکاری ملازمت سے کب مستعفی ہوئے؟

(A) 1920 (B) 1921 (C) 1922 (D) 1924

42۔ پہلا شخصی مرثیہ کس نے لکھا؟

(A) غواصی (B) ضمیر (C) برہان الدین جانم (D) خلیق

43۔ کرشن چندر کیا نہیں تھے؟

(A) ناول نگار (B) افسانہ نگار (C) رپورتاژ نگار (D) ناقد

44۔ کس نظریے میں روحِ عصر کو اہمیت دی جاتی ہے؟

(A) تاریخی نظریہ (B) مارکسی نظریہ (C) نفسیاتی نظریہ (D) جمالیاتی نظریہ

45۔ مغربی نظریے میں کانٹ کس نظریے سے وابستہ تھے؟

(A) مارکسی (B) جمالیاتی (C) نفسیاتی (D) سائنٹفک

46۔ ''تنقید اور عملی تنقید'' کا مصنف کون ہے؟

(A) قمر رئیس (B) گوپی چند نارنگ (C) شمس الرحمٰن فاروقی (D) سید احتشام حسین

47۔ ''سفید خون'' کس کا ڈراما ہے؟

(A) امانت (B) آغا حشر (C) امتیاز علی تاج (D) محمد حسن

48۔ اجتماعی لاشعور کا نظریہ کس نے دیا؟

(A) سگمنڈ فرائڈ (B) اڈلر (C) ارنسٹ جونس (D) یونگ

49۔ کمپیوٹر جنریشن سے کیا مراد ہے؟

(A) کمپیوٹر دور (B) کمپیوٹر ہارڈویر (C) کمپیوٹر سافٹ ویر (D) کمپیوٹر کی زبان

50۔ سرسید احمد خاں کس کے ساتھ انگلستان گئے تھے؟

(A) سید محمود (B) محسن الملک (C) وقار الملک (D) سرضیاء الدین

M-65

## Part B حصّہ 'ب'

نوٹ: درجِ ذیل سوالات میں سے کسی دو (۲) کے مختصر جواب مطلوب ہیں۔ 2x5 = 10

1۔ تیز اور بہتر پڑھنے کے اُصول بتایئے۔

2۔ تحقیق میں کارڈ نظام کی اہمیت کیوں ہے؟ لکھیے

3۔ عملی تنقید سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال سے سمجھایئے۔

4۔ ترتیبِ متن کی تعریف کیجیے۔

نوٹ: درجِ ذیل سوالات میں سے کسی ایک (۱) کا جواب مدلّل و مفصّل لکھیے 1x15 = 15

1۔ مواد کی فراہمی کے مختلف ذرائع پر مفصل مضمون لکھیے۔

2۔ عصر حاضر میں ادب کی اہمیت اور ضرورت پر روشنی ڈالیے۔

---